متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان 4، دسمبر کو ہوگا

جنرل ورکرز اجلاس سے الطاف حسین بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے

صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان سے نامزد حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان بعد میں کیا جائے گیا

کراچی۔۔۔2، دسمبر 2007ء

الیکشن 2008ء کے عام انتخابات میں متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان مورخہ 4، دسمبر بروز منگل کو ہوگا۔حق پرست امیدواروں کے ناموں کے اعلان کے سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر کے شہروں میں دوپہر 2 بجے ایم کیو ایم کے زیر اہتمام جنرل ورکرز اجلاس منعقد کئے جائیں گے جن سے ایم کیو ایم کے قائد جناب الطاف حسین لندن سے براہ راست بیک وقت ٹیلی فونک خطاب کریں گے۔اس سلسلے کا مرکزی اجلاس جناح گراؤنڈ عزیز آباد کراچی میں منعقد کیا جائے گا جبکہ حیدر آباد، سکھر، میر پور خاص، نواب شاہ، سانگھڑ، شکار پور، کشمور، خیر پور، گھوٹکی، نوشہرو فیروز، لاڑکانہ، دادو، دین، ٹھٹھہ، قمبر شہداد کوٹ، ٹنڈو الہیار، جیکب آباد، عمر کوٹ اور جامشورو میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر میں جنرل ورکرز اجلاس منعقد کئے جائیں گے۔اجلاسوں میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ارکان، زونل کمیٹیوں، سیکٹر کمیٹیوں، یونٹ کمیٹیوں کے اراکین اور ایم کیو ایم کے کارکنان کے علاوہ آئندہ انتخابات کیلئے حق پرست امیدواران شرکت کریں گے۔علاوہ ازیں صوبہ پنجاب، صوبہ سرحد اور صوبہ بلوچستان سے ایم کیو ایم کے نامزد حق پرست امیدواروں کے حتمی ناموں کا اعلان بعد میں کیا جائے گیا۔

ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر کے کارکن نوید احمد کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔2، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن نوید احمد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا دے۔(آمین)

ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر کے کارکن کی والدہ اور کورنگی سیکٹر کے کارکن نوید احمد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔2، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 76 کے کارکن نوید احمد اور ایم کیو ایم لانڈھی سیکٹر یونٹ 87 کے کارکن اطہر اقبال کی والدہ محترمہ ممتاز جہاں کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

ایم کیو ایم، سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، حق پرست سینیٹرز

کراچی۔۔۔2، دسمبر 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور ایم کیو ایم کی سیاست کا مقصد ملک بھر کے عوام کی بلا امتیاز و تفریق عملی خدمت ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ حق پرست عوامی نمائندے، قائد تحریک جناب الطاف حسین کے درس کے مطابق عوامی مسائل کے حل کیلئے عملی طور پر کوشاں ہیں اور شہر کیلئے ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ حق پرست ناظم اعلیٰ کراچی سید مصطفیٰ کمال، نائب ناظم محترمہ نسرین جلیل، ٹاؤن ناظمین اور یوسی ناظمین جس طرح دن رات عوامی خدمت میں مصروف ہیں اس سے یہ حقیقت ایک مرتبہ پھر واضح ہوچکی ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور عوام کی بلا امتیاز رنگ ونسل، زبان، مسلک، عقیدہ اور مذہب عملی خدمت میں مصروف ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام عوامی مسائل کے حل کیلئے حق پرست عوامی نمائندگان کی عملی خدمات کے چشم دید گواہ ہیں اور وہ جانتے ہیں کہ ایم کیو ایم دیگر سیاسی جماعتوں کی طرح زبانی جمع خرچ پر یقین نہیں رکھتی بلکہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی کے فکر وفلسفہ کے مطابق عوام کی عملی خدمت میں مصروف ہے۔حق پرست سینیٹرز نے ملک بھر کے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں اپنے قیمتی ووٹ کا لازمی استعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر کامیاب بنائیں۔

☆☆☆☆☆